سول کورٹ آف دی سٹی آف نیویارک - کاؤنٹی آف

مدعی
مالک مکان

برخلاف

انڈیکس نمبر
مارشل کا ڈاکٹ نمبر

مدعا علیہ
کرایہ دار اور
ذیلی کرایہ دار

سٹی کے مارشل کا نام اور بیج نمبر
پتہ
ٹیلی فون

انخلاء کا نوٹس - 14 دن

مندرجہ بالا کرایہ دار(کرایہ داروں) اور ذیلی کرایہ دار(کرایہ داروں) کے نام:

عدالت نے انخلاء کا وارنٹ جاری کیا ہے۔ اگر آپ مندرجہ بالا جگہ کو اس نوٹس کی تاریخ کے بعد **چودہ دنوں کے اندر** خالی نہیں کرتے ہیں، تو **اگلے کاروباری دن**، یا اس کے بعد کے کسی بھی کاروباری دن میں مزید نوٹس کے بغیر نکالا جا سکتا ہے۔ "کاروباری دن" قانونی چھٹیوں کے علاوہ پیر سے جمعہ کے ایام ہوتے ہیں۔

میں اس انخلاء کو کس طرح سے روک سکتا/سکتی ہوں؟

- اس انخلاء کو روک پانے کا واحد طریقہ انخلاء سے قبل عدالت کا یہ حکم حاصل کرنا ہے کہ (1) کہ آپ کے انخلاء سے متعلق عارضی حکم موقوفی جاری کیا جائے، یا (2) عدالت کے ساتھ مکمل بقایا کرایہ جمع کروانے یا اس کی ادائیگی کرنے کے بعد، کرایہ کی عدم ادائیگی کے وارنٹ کو منسوخ کر دیا جائے۔
- اس طرح کے حکم کے لیے، آپ اپنے بورو میں موجود سول کورٹ کے مالک مکان-کرایہ دار والے حصے میں درخواست دائر کر سکتے ہیں۔ عدالتوں کے رابطے کی معلومات مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ہے۔
- جاری کیے جانے پر، ایک عارضی حکم موقوفی اس وقت تک اس انخلاء کو روک دے گا جب تک کہ یہ حکم موقوفی کی میعاد ختم نہ ہو جائے یا عدالت اسے منسوخ نہ کر دے۔

مجھے کس طرح سے نکالا جا سکتا ہے؟

- **اگر آپ اس نوٹس کے جواب میں کوئی کارروائی نہیں کرتے، تو آپ کو مزید کسی بھی نوٹس کے بغیر نکالا جا سکتا ہے۔**
- اگر عدالت پہلے سے ہی یہ حکم جاری کر چکی ہو کہ ایک مخصوص تاریخ تک ادائیگی کرنے یا عدالت کے حکم کی تعمیل کرنے میں ناکامی کی صورت میں آپ کو نکال دیا جائے، تو اس تاریخ تک ادائیگی یا عدالت کے حکم کی تعمیل میں ناکامی کا نتیجہ مزید کسی نوٹس کے بغیر آپ کے انخلاء کی صورت میں نکل سکتا ہے۔

میں کس طرح سے مدد حاصل کر سکتا ہوں؟

- نیو یارک سٹی ان کرایہ داروں کو مفت قانونی خدمات فراہم کرتی ہے جنہیں انخلاء کا سامنا ہو۔ مفت قانونی معاونت تک رسائی کی معلومات حاصل کرنے کے لیے 718-557-1379 پر کال کریں۔ ترجمانی کی مفت خدمات دستیاب ہیں۔
- اگر آپ امریکہ کی فوجی خدمات میں بھرتی کسی شخص کے منحصرین میں ہیں، تو اپنے حقوق کی حفاظت کے لیے عدالت کے کلرک کو فوری طور پر مطلع کریں۔ کلرک کے رابطے کی معلومات مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ہے۔
- ڈیپارٹمنٹ آف سوشل سروسز باز ادائیگیوں یا دیگر معاونتوں میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔ معلومات کے لیے 718-557-1399 یا 311 پر کال کریں۔ ترجمانی کی مفت خدمات دستیاب ہیں۔

نوٹس کی تاریخ†

انخلاء کی اولین تاریخ

مزید معلومات
nyc.gov/doi/evictions (212) 709-7900

驱逐通知 – 更多信息
Уведомление о выселении: дополнительная информация
উচ্ছেদের সমন – আরও তথ্যের জন্য
إشعار إخلاء – مزيد من المعلومات
انخلاء کا نوٹس – مزید معلومات

驅逐通知 – 更多資訊
Avi Konsènan Degèpisman: plis enfòmasyon
통지 – 자세한 정
Avis d'expulsion: plus d'informations
Powiadomienie o eksmisji: dodatkowe informacje

---

† اس نوٹس کی تاریخ اس تاریخ کو یا اس کے بعد ہونی چاہیئے جب مدعا علیہ کو نوٹس جاری کیا گیا ہے۔

[Urdu]